إِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ

# شرافت نامہ

جزوِ اوّل

ترجمہ

# سَعادت نامہ

از حکیم ناصر خسرو قدس اللہ سرہٗ

مترجم

الواعظ نصیر الدین نصیر ہونزائی

(مطبوعہ عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

# باب اوّل در تسلیم

| | |
|---|---|
| دلا همواره تسلیم رضا باش | بهر حالیکه باشی با خدا باش |
| رضا تسلیم کر اے دل ہمیشہ | ہر اک حالت میں ہو جا ذکر پیشہ |
| خدا را دان خدا را خوان بهر کار | مدان تو یاوران را به از یار |
| مدد ہر کام میں حق سے طلب کر | نہیں اُسکے سوا اور کوئی یاور |
| چو حق بخشد کلاهِ سربلندی | تو دل بر دیگرے بهر چه بندی |
| خدا ہی سے اگر تجھکو عطا ہے | توقع غیر کی پھر اِک خطا ہے |
| خدا را باش اگر مردِ خدائی | مکن بیگانگی گر آشنائی |
| اطاعت کر تو گر مردِ خدا ہے | نہ بن بیگانہ گر تو آشنا ہے |
| حدیثِ جنت و دوزخ رها کن | پرستش خاص از بهر خدا کن |
| نہ کر تو جنت و دوزخ بہانہ | عبادت کر خدا کی مخلصانہ |
| ترا بر هر دو گیتی برگزیده است | هم آخر بهر کارت آفریده است |
| تو کونین میں اسی کا منتخب ہے | کسی ایک کام کا تو ہی سبب ہے |
| ز تو جز بندگی کردن نشاید | از و خود جز خداوندی نیاید |
| جو تجھ سے ہو سکے وہ بندگی ہے | خدائی خود عطا کی مقتضی ہے |
| برین در هیچ اکراهے نباشد | و زین به هیچ درگاہے نباشد |
| نہیں اس در پہ کوئی جبرِ خواہش | یہیں پر ہے نوازش ہی نوازش |

اگر لافے زنی ہم لاف دیں زن — ہمیشہ دست در حبل المتیں زن
تجھے کچھ فخر ہو تو فخر دین ہو — ہمیشہ ہاتھ میں حبل المتین ہو
بہر کارے مددگارت خدا ہست — دلیل راہ دینت مصطفائیست
ترے ہر کام میں یاور خدا ہے — ترا ہادی ہمیشہ مصطفےٰ ہے

## باب دوم در نیکی

دلا پندم نیوش و دل در و بند — ز تو توبہ ز پیران کہن پند
مری اس پند پر اے دل ہو پابند — جوان توبہ کرے اور پیر لے پند
ازیرا گر بخود خواری نہ خواہی — مکن کاریکہ باز آید تباہی
اگر چاہتا نہیں تو کوئی خواری — نہ کر وہ کام جو لائے تباہی
مکن کاریکہ از ننگ و ندامت — سیہ روئی کشی اندر قیامت
نہ کر شرم و ندامت کا کوئی کام — سیہ روئی ہو کل جسکا سرانجام
چو در نیکی رضائی کردگارست — بہ از نیکی نگہ کن تا چہ کارست
اگر نیکی میں ایزد کی رضا ہے — تو پھر نیکی سے بڑھ کر اور کیا ہے
درون دردمنداں شاد میدار — ز روز در گذشتن یاد میدار
خراشیدہ دلوں کو شاد رکھنا — جہاں سے روز رخصت یاد رکھنا
مکن از حال مسکیناں فراموش — چو داری مایہ اے در نیکوئی کوش
بھلا دینا نہیں حال غریبان — اگر مقدور ہو کر لے کچھ احسان
چو از صحبت بود بر نفس تاثیر — بہ صحبت دوستان پر خرد گیر
یہ جب مانا کہ صحبت میں اثر ہے — اسی صحبت رہ جو پر ہنر ہے۔

دلت را راست کن گر راستکاری  که ہست از راستکاری رستگاری
تو سچا ہے تو دل میں رکھ سچائی  سچائی سے ملیگی رستگاری
ز آموزندہ پند نیک برگیر  ز نیکی گر بدت افتد مرا گیر
معلم کی نصیحت پر عمل کر  مجھے کہہ گر ملے کچھ خیر سے شر

## باب سویم در کم آزاری

فزوں خواہی بقا دلہا میازار  کہ دائم دیر زی باشد کم آزار
دلوں کو مت دکھا اے مرد ہشیار  کہ دائم دیر جیتا ہے کم آزار
بیاد حق تعالے باش خوشنود  کہ خوشنودی رضا حاصل کند زود
خدا کی یاد میں رہ شاد و خرم  رضائے حق ہے حاصل جس سے ہر دم
مبر بر کس حسد گر مالدار است  کہ تو در رنجی و او شادکار است
توانگر کا حسد ہرگز نہ کرنا  کہ وہ خرسند ہے تو آہ نہ بھرنا
ہمیشہ نیک خواہ مردماں باش  بہ نیکی کوش و آنگہ در اماں باش
سدا کر خلق کی نیکو سگالی  بھلائی کرکے ہو جا لاابالی
چو بد خواہی بہ کس از غم بکاہی  نہ بینی ہیچ بد گر نیک خواہی
نہ ہو بدخواہ کہ تو غم سے گھٹیگا  اگر تو نیک ہے بد سے ہٹیگا
دلت را با مروت متفق کن  وگر خیرے کنی با مستحق کن
سخاوت سے تو دل کو متفق کر  جو نیکی ہو تو بہر مستحق کر
مدد دہ تا کہ حق یار تو باشد  ہمہ عالم مددگار تو باشد
مدد کر تاکہ حق ہوگا ترا یار  رہیگا پھر جہاں یکسر مددگار

مروت نیست از افتادگانی
برہ بینی وخود مرکب برانی

جو اس مردی نہیں گر تو نے دیکھا
گرے کو راہ میں اور چھوڑ بھاگا

زنیکاں باش اندر نیکوئی کوش
مکن نیکی کس از دل فراموش

نکو کاروں سے ہو جا اور صلاح کوش
نہ بن جانا کبھی احساں فراموش

بہ نیکاں عمر ساز برگ خواہد
بداں را خلق عالم مرگ خواہد

طلب کرتی ہے اس دنیا کی خلقت
بروں کو موت بھلوں کو عمر و دولت

## باب چہارم در بردباری

بکس مپسند آنچہ ناپسند ست
کہ واجب کشتن مار از گزند ست

کسے مت چاہ جو تجھکو ناپسند ہے
کہ سانپ کو مارنا دفع گزند ہے

مشو کس را بکین خانہ برانداز
کہ ہر کس بد کند یابد بدی باز

عدو کا تو نہ بن گھر ڈھانیوالا
کہ بدکردار بدی ہے پانیوالا

مکن شیرین بدل مال یتیماں
کہ از مالت بکاہد ہم ز ایماں

یتیموں کی کوئی شے کر نہ نقصان
نہ ہو نقصان تجھے کچھ دین وایماں

تو با خلق خدا خوش باش و خوشگو
کہ خون از پرورش شد مشک خوشبو

خدا کی خلق میں رہ شاد و خوشخو
لہو ملکر بنا ہے مشک خوشبو

گذر از تندی و از تندخوئی
تواضع پیشہ گیر و تازہ روئی

گذر جا تیزی اور غیض و غضب سے
رہا کر خندہ رو اور بول ادب سے

گرہ با ہر کسے مفگن برابرو
چہ بدتر باشد از طبع ترشرو

ہر ایک سمجھے نہ تو چین بر جبیں ہے
ترشرو آدمی تو بدترین ہے۔

میندار از لب خندان زیان است | کہ خندان روئی از اہلِ جنان است
تبسم میں نہیں ہے کوئی زحمت | کہ خوش خو، خندہ رو ہیں اہل جنت
فرو خور خشم اندر گاہ گرمی | ز مومن خوش بود چربی و نرمی
تو اپنا غصہ پی لے گاہ گرمی | کہ مومن کو بھلی لگتی ہے نرمی
حلیمی کن چو دانہ در گہ تنگ | گرت بر سر بگردد آسیا سنگ
بسان دانہ تنگی میں خودی کاٹ | ترے سر پر اگر گھومے چکی پاٹ
مشو غرہ بزور بازوئی خویش | کہ باشد زور بازوہا ازین بیش
نہ ہو مغرور زور بازوؤں پر | کئی شہ زور ہیں تجھ سے قوی تر

## باب پنجم دربیان جاہل و ناجنس

ببر از جاہل ارچہ خویش باشد | کہ رنج او ز راحت بیش باشد
نہ مل جاہل سے خواہ وہ کیوں نہ ہو خویش | کہ اسکا رنج راحت سے نہ ہو بیش
ز نادان و ز ناجنس و ز ناکس | بشب بگریز و منگر ہیچ در پس
رذیل و سفلہ و نااہل سب کو | عقب میں چھوڑ کر بیزار ہو کے شبکو
مکن دل خوش بہ سود بیکرانش | کہ صد سودش نیرزد یک زیانش
نہ ہو خوش اسکے سود بیکراں سے | کہ سو سود کم ہیں اسکے اک زیاں سے
حذر از مالدار پُر تکبر | کہ مبرز گندہ تر گردد چو شد پر
غرور والے غنی سے دور رہیو | بھری مبرز ہوئی گندہ زیادہ
مکن کاریکہ لے کار تو باشد | کزاں بر ہر دل آزار تو باشد
نہ رکھ اس کام سے کوئی سروکار | کہ ہو جسکے سبب کوئی دل آزار

تبرا کن زہر بد فعل و بدنام
کہ بدنامت کند چوں خود سرانجام

تجھے یہ فعل نہ بدنام سے نہ ہو کام
کہ آخر مثل خود کر لیگا بدنام

مکن صاحب سرا ز نمام و غماز
بکش دامن ز دزد خانہ پرداز

چغل خوروں کو بھیدی مت بنانا
اُچکّے چور سے دامن بچانا

مباش ایمن ز دست و چشم طرار
ہمہ کس دزد داں کالا نگہ دار

تو ایمن جیب کترے سے نہ ہونا
کہ ہیں سب چور تو پونجی بچانا

مکن ہمراہی کس نا زمودہ
تفاوتہا ز دیدہ تا شنیدہ

نہ ہو ساتھی سوائے آزمودہ
کہ ہے فرق بین دیدہ اور شنیدہ

منافق را مداں یار موافق
منافق را منافق داں منافق

منافق کو نہ جان یار موافق
منافق کو منافق جان منافق

## باب ششم در گفت و شنود و پند شنودن

سخن دانستہ گو چیزیکہ گوئی
خود آں آہستہ گو چیزیکہ گوئی

تو جو کچھ بھی کہے دانستہ کہنا
وہی جو تو کہے آہستہ کہنا

بمیدان فصاحت چوں درآئی
مراں لب گرم تا در سر نیائی

تو جب میدان خوشگوئی میں جائے
نہ کر تیزی بلا تو غالب آئے

مکن چیزی بر اہل روزگارت
کہ پرسد از تو روزی کردگارت

تو ہمعصروں سے ایسا کام مت کر
کہ اک دن تجھ سے پوچھے تیرا داور

سخن بشنو ز لفظ ہر ہنر جوئی
ازاں سانی کہ خوش آید چناں گوئی

مقرر کی نکات پر تو دھیان کر
تجھے جیسے پسند آئے بیان کر

مگو ناخوش که پاسخ ناخوش آید ‌ ‌ بکوہ آواز خوش شدہ ناخوش آید

نہ دے طنزا جواب، بدلہجہ مت ہو ‌ ‌ خوش آوازی ہے کوہ خوش گونجے تجھکو

مکن با خسرواں گستاخ بازی ‌ ‌ زباں ہشدار تا سر در نبازی

شہوں کو تجھ سے گستاخی نہ آئے ‌ ‌ زبان کو روکنا تا سر نہ جائے

سخن ناگفتہ باشد کے چو گفتہ ‌ ‌ چو شد گفتہ کجا ماند نہفتہ

نہیں ہے گفتہ و ناگفتہ یکساں ‌ ‌ کہ جب ہو گفتہ کب رہتا ہے پنہاں

بہر گفتار منما پیش دستی ‌ ‌ مگو ناگفتنیہا رو که رستی

نہ کر پہل اور سخن کو مت کشا تو ‌ ‌ نہ کہہ ناگفتنی، بس جا چھٹا تو

ہمیشہ مشورت با دوستاں کن ‌ ‌ ز دشمن راز دل دائم نہاں کن

ہمیشہ دوستوں سے مشورت کر ‌ ‌ عدو سے بھید چھپائے رکھ سراسر

## باب ہفتم در دوستی و دشمنی و وفا

چو خواہی کرد با کس دشمنی ساز ‌ ‌ میفگن دوستی با او ز آغاز

تجھے کرنی ہو جس سے دشمنی کچھ ‌ ‌ نہ کر اوّل ہی اس سے دوستی کچھ

فگندن دوستی با کس سلیم است ‌ ‌ وفا بردن بسر کاری عظیم است

کسی سے دوستی کرنا ہے آسان ‌ ‌ وفا کرنا نہیں ہے سہل چندان

مرنجاں کس مخواہش عذر از ان پس ‌ ‌ کہ بد کاری بود رنجیدن کس

نہ دے دکھ عذر خواہ مت ہو سرانجام ‌ ‌ کسی کو رنج دینا ہے برا کام

مکن قصد جفا گر باوفائی ‌ ‌ ز سگ طبعی بود گرگ آشنائی

نہ کر قصد جفا گر باوفا ہے ‌ ‌ کہ سگ ا دوستی ہی جسمیں کچھ رہا ہے

چو رنجانیدنِ کس ہست آسان  بدست آوردنش نبود بدانسان
کہ ہے آسان کسی کا دل دکھانا  مگر دشوار ہے پھر ہاتھ لانا
درِ گنجِ معیشت سازگاریست  کلیدِ بابِ جنت بُردباریست
ہے گنجِ زندگی کا در توصّل  کلیدِ بابِ جنت ہے تحمّل
ز توفیق و کلیدِ بے ریائی  ہمہ درہائے دولت برکُشائی
کلید بے ریائی اور مدد سے  کھلیں گے تجھ پہ دولت کے خزانے
چو نتوانی علاجِ درد کس کرد  میفزا از جفایش درد بر درد
اگر تجھ سے نہ آئے چارہ کرنا  کسی کا درد بیجا مت بڑھانا
سنانِ جور بر دل‌ریش کم زن  چو مرہم می نسازی نیش کم زن
نہ مار تو ظلم کے نیزے سے دِل‌ریش  نہ ہو مرہم کسی کو مت لگا نیش
ز مردُم زادہ با مردمی باش  چہ باشد دیو بودن آدمی باش
تو مردم زادہ ہے پھر مردمی بن  نہ بن جا دیو لیکن آدمی بن

## باب ہشتم در طمع

طمع در ہر چہ ہستی پائے بستی  چو دست از جملہ شُستی رَو کہ رستی
جو تو ہے حرص کی پابند ہوا تو  جو دھو یا ہاتھ سب سے جا چھٹا تو
طمع بسیار کردن خواری آرد  نتیجہ خوارئیش غمخواری آرد
زیادہ حرص سے آتی ہے خواری  یہی خواری ہے بیجا غمگساری

مدار از کس طمع ہرگز بہ چیزے — شود خوار از توقع ہر عزیزی
طمع مت کر کسی سے کچھ نہیں چاہ — طمع کرتی ہے خوار ہر صاحب جاہ
طمع آرد بروئے مرد زردی — طمع را سر ببر گر مرد مردی
طمع سے ہو جاتا ہے رُو زرد — طمع کو نیست کر ہے تو اگر مرد
ہر آں سختی کہ با تو روئے بنمود — گر آساں گیریش آساں شود زود
جو کچھ مشکل پڑے تجھکو نمایاں — اگر آساں سمجھ لے ہو گی آساں
بہر بادی مجنب از جائی چون بید — بہ تمکین باش ہمچوں ماہ و خورشید
ہر ایک جھونکے سے مت ہل تو نہیں بید — سُو قرار رہ تو مثل ماہ و خورشید
چو مردان پائے محکم نہ در این راہ — ز آز و آرزو کن دست کوتاہ
چلا جا مردوار اس راہ سے پار — طمع اور حرص سے ہو دستبردار
قناعت کن بنان خشک خویش — چو کردی از بروت سفلہ مندیش
کر اپنی روکھی روٹی پر قناعت — کسی جاہل کی کچھ بھی فکر کر مت
خنک یاری بود یار قناعت — کجا باشد چو بازار قناعت
قناعت ہے سبک اور نیک فرجام — نہیں بہتر قناعت سے کوئی کام
طمع داری سگ ہر تیرہ کیشی — چو ببریدی طمع سلطان خویشی
حریص ہے تو سگ ہر دل سیاہ ہے — اگر نہ تو خود ہی کا بادشاہ ہے

# باب نہم در احسان

پئے نفع اختلاطِ سفلہ مگزین — کہ دنیائی نیفزاید رود دین
مفاد کیواسطے جاہل سے مت مل — گھٹیگا دین جو دنیا ہوگی حاصل
بہ بخشش کوش چون دستت دہد پر — مکن بر کس بہ سیم و زر تفاخر
اگر دولت میسر ہو کرم کر — نہ ہرگز فخر دینار نہ درم کر
بدہ چون داد نعمت کردگارت — کہ ندہد بہر تو میراث خوارت
خدا نے تجھکو دی تو بھی دیا کر — ترے حق میں نہ دیگا وارث آخر
بہ یزدان دہ چو در بخشش شتابی — بہ یزدان ہر چہ بدہی باز یابی
خدا کو دے اگر دینا ہے تجھکو — جو کچھ تو نے دیا لینا ہے تجھکو
بر آور حاجت درویش دلریش — بترس از روز حاجتمندئ خویش
تو محتاجوں کی حاجت روا کر — ہمیشہ روز حاجت سے ڈرا کر
جوانمردی سعادت را دلیل است — زہر کس این صفت ناید بخیل است
سخاوت ہی سعادت کی دلیل ہے — نہو جس شخص میں یہ وہ بخیل ہے
سخی طبع ایمن است از دوزخ و نار — بخیل اندر سقر گردد گرفتار
سخی سے دور ہوگا دوزخ و نار — بخیل ہوگا جہنم میں گرفتار
سنزد در خانہ گر نانی نداری — کہ در بستہ بمہمانی نداری
اگر کچھ ہو نہو خورسند رکھنا — نہ تو مہمان کو در بند رکھنا

چه بدتر در کرم تاخیر کردن — چه بهتر گرسنه را سیر کردن

بسی بدتر کرم تاخیر کرنا — نہ ہے بھوکے پیاسے سیر کرنا

مخور غم بہر رزق و روزی او — کہ با ہر کس روانست روزی او

غم روزی مہمان اک گمان ہے — ہر اک کے ساتھ روزی بھی رواں ہے

به تابستان مدد دہ کوزۂ آب — زمستان آتشی و موضع خواب

اُسے گرما میں کر پانی نوازش — تپا سرما میں دے جائے رہائش

# باب دہم

## در راحت رسانیدن و نیکوئی خواستن

بہین کاریکه اندر زندگانیست — نکوخواہی بکس راحت رسانیست

یہی احسن ہے جب ہو زندگانی — نکوخواہی اور راحت رسانی

تو گر توفیق داری ہم بران باش — نکوخواہ و بکس راحت رسان باش

اگر توفیق ہے اُسکا نشان بن — سبھوں کا خیرخواہ راحت رسان بن

بلطف و مرحمت دلہا نگہدار — کس از دست و زبانِ خود میازار

حفاظت کر دلوں کی قلب و جان سے — کسی کو دکھ نہ دے ہاتھ اور زبان سے

بکار افتادہ کار آموز میباش — بہر دل سوختہ دلسوز میباش

مُہم والے کا واقف کار بن جا — ہر ایک دلگیر کا غمخوار بن جا

علاجِ دردمنداں کن بہر درد ۔۔۔ کہ ہر کس کو جراحت کرد بدکرد
دکھی کا چارہ گر گر کچھ دوا ہے ۔۔۔ کہ جس نے زخم کر ڈالا بُرا ہے
چو مرہم خستہ را راحت رسان باش ۔۔۔ بسختی چارہ بیچارگان باش
تو مثل مرہم جان بااثر بن ۔۔۔ بیچاروں کی عنا کا چارہ گر بن
بپوی اندر جوانی راہ یزدان ۔۔۔ جوان بہتر خداترس و خدادان
جوانی میں خدا کی راہ میں چل ۔۔۔ جواں کی معرفت ہے سب سے افضل
بہ پیری خدمتِ مادر و پدر کن ۔۔۔ جوانی و جنوں از سر بدر کن
تو خدمت والدین کی خوب تر کر ۔۔۔ جوانی اور جنوں سر سے بدر کر
مزن طعنہ بر ایشان از دلِ سیر ۔۔۔ کہ گر یابی زمان گردی تو ہم پیر
تو بیزاری سے اُنکو طعنہ مت دے ۔۔۔ بقا ہو تو تجھے بھی ہے بڑھاپے

کہ پرورد ست مادر در کنارت
تو ماں کی گود میں پلکر بڑھا ہے
پدر رنید سالہا تیمار دارت
تو باپ کی غمگساری میں رہا ہے۔

---

تمام شد جزو اوّل

# شرافت نامہ

بتاریخ ۱۰ر جولائی ۱۹۶۲ء

# روحانی رمزگ

١۔ مؤمنن قلبہ عرش لو رحمن مناس عجیب ؛ رویچ نقطہ ذکرہ وسعت اسمان مناس عجیب ؛

٢۔ قرآنہ معنی ہن نمہ نقطان مناس عجیب ؛ نقطانہ معنی بٹ نمہ قرآن مناس عجیب ؛

٣۔ دریا خرینخ ہرلت نمہ قطران مناس عجیب ؛ قطران سندہ کا نمہ دریان مناس عجیب ؛

٤۔ دریا ولو قطرہ بیسہ مثال سرکہ بیشہ با ؛ قطرا چھنم وجودلو عمان مناس عجیب ؛

٥۔ ظاہر شو قم جہان لو انسان بیس یقین ؛ انسانہ الیش لو سگنسہ دنیان مناس عجیب ؛

٦۔ نقطا گچرسہ صورتہ حرف ، حرفہ گٹیہ بر ؛ برہ جملہ ، جملہ حکمتہ فرقان مناس عجیب ؛

٧۔ حرفذہ اٹھن الف یچی توحید نقطہ ثین ؛ ہن نورہ نقطہ عالمہ دیوان مناس عجیب ؛

٨۔ قدرتہ قلمہ ایھن ٹہ کہ توحید نقطہ بم ؛ وحدتہ عمل لو کثرتہ امکان مناس عجیب ؛

٩۔ نقطو لو ابتداء بلہ نقطو لو انتہا ؛ نقطو لو حد کہ فاصلہ پنہان مناس عجیب ؛

١٠۔ نقطو لو روح کہ جسمہ تعلق کہ اتصال ؛ نقصا بسر ، زیادہ کہ نقصان مناس عجیب ؛

١١۔ نقطہ مذہ آسمان کہ زمین کل بن ایون ؛ نقطہ مذہ رویچ ہرلت نمہ طوفان مناس عجیب ؛

١٢۔ انہ نورہ نقطہ جبہ برئیس ذم کہ بٹ اسیر ؛ عزتہ دمن غریب اسہ مہمان مناس عجیب ؛

١٣۔ مامورا یم لو امرہ حقیقت بتیس بلم ؛ نیستی لیکل نہ "کن" ، لوسہ فرمان مناس عجیب ؛

١٤۔ "کن" ، خلق کہ امرہ نقطہ واسطہ عمل بلہ ؛ انسانہ روح کہ جسم لو ای کان مناس عجیب ؛

١٥۔ ہر وقتہ نورہ میو شلاس علمہ جبیند و تو م ؛ پاکیزہ کلمہ حکمتہ برہان مناس عجیب ؛

١٦۔ "اثبات ، نفی ، کہ ، حق" بسر حکمت بٹن ایم ؛ بھا نم جین حقائقہ میزان مناس عجیب ؛

۱۷- رُویَخ دایُر اقراراپی مرکزُلو نِل سکون ؛ پرکارہ گوَن جہان اَگِہ حیران مناس عجیب

۱۸- ای علمہ شہر ہُمن رویَخ نعمت بگیش اَیَنس ؛ ای ہِگَڈہ تنہ طِلِسمُو لو دربان مناس عجیب

۱۹- گوشُ کُمُ ہَنتنڈ اُیون لقو نیورُٹ اُمُم بتن ؛ پاکیزہ بُتنہ کُفر لو ایمان مناس عجیب

۲۰- پروردگار کہ جی بحقیقت لو ہَن بِلا ؛ رُویَخ معرفت لو وحدتہ عرفان مناس عجیب

حکمتہ قَلِبُ لو تازہ میام عشقہ فو لوڈوی

عِلمُ لو لضبیرہ مُشکِلگس آسان مناس عجیب

# رموز روحانی

(۱) کسی مؤمن کے دل کے عرش پر رحمٰن کا موجود ہونا ایک حیران کن امر ہے ؛ ذکر
کی وسعت کی بدولت نقطۂ دل کا آسمان بننا ایک تعجب خیز بات ہے۔

(۲) قرآن کے معنیٰ از روئے اصول وحدۃ المعانی ایک نقطہ بننا حیرت انگیز حکمت ہے ؛
پھر اسی نقطے کے معنے از روئے اصول کثرت المعانی قرآن بننا حیرت انگیز بات ہے۔

(۳) سمندر کا بادل اور بارش سے گذر کر ایک قطرہ کی شکل اختیار کرنا عجیب ہے ؛
پھر ایک قطرے کا دریا کے ساتھ ملکر سمندر کی شکل اختیار کرنا عجیب ہے۔

(۴) بظاہر میں نے سمندر میں قطرہ سمو جانے کی مثال دیکھی ہے ؛
لیکن قطرے کے تنگ باطن میں ایک سمندر کا سمو جانا ایک نادرہ بات ہے۔

(۵) اس ظاہری وسیع جہان میں انسان کا سمو رہنا تو یقینی ہے ؛
لیکن انسان کے اس مٹھی بھر دل میں ایک روشن دنیا کا وجود حیرت خیز ہے۔

(۶) نقطہ کی رفتار کی شکل سے حرف اور حروف کے ملانے سے لفظ ؛
الفاظ سے جملے اور جملوں سے " فرقان حکمت " کا بننا عجیب ہے۔
(۷) توحید کے اس نقطے کی شناخت کرلے جو حروف کے سر الف پر ہے؛
نور کے ایک ہی نقطہ سے یہ عالمی کتاب کا خلق ہونا حیرت کی بات ہے۔
(۸) خامۂ قدرت کی نوک پر بھی توحید کا نقطہ تھا ؛
وحدت کے فعل میں کثرت کا امکان ہونا تعجب خیز بات ہے
(۹) نقطے سے ہر چیز کی ابتدا اور نقطے پر ہی اسکی انتہا ہونا ؛
نیز نقطہ ہی میں حد اور فاصلے کا پوشیدہ ہونا قابل تعجب ہے۔
(۱۰) نقطے میں جسم اور روح کے آپس کا تعلق اور ملاپ ؛
اور نقطے ہی سے تسویہ، زیادہ اور کم کا تعین ہونا حیران کن امر ہے۔
(۱۱) نقطوں سے آسمان، زمین اور ان ساری چیزوں کا جو کچھ ان میں ہیں موجود ہونا
اور نقطوں سے روحانی بارش برس کر طوفان کا برپا ہونا کسقدر انوکھی بات ہے۔
(۱۲) اس کے نور کا نقطہ میری رگ جان سے بھی مجھے زیادہ قریب ہے ؛
رب العزت کا میرے غریب دل میں مہمان ہونا حیرت کی بات ہے
(۱۳) خدا کے فرمان "کُنْ" کی حقیقت کیسی تھی جبکہ اسوقت کوئی بھی فرمانبردار
موجود نہ تھا؛ نیستی کی طرف "کن" کا فرمان نافذ ہونا کسقدر تعجب خیز بات ہے۔
(۱۴) دراصل "کُنْ" اس فعل کا نام ہے، جو عالم خلق اور عالم امر کے درمیانی
نقطے پر سے بطریق ابداع ظہور ہوتا رہتا ہے انسان کے روح اور جسم کے
درمیان "کُنْ فَیَکُوْنُ" کا ہونا تعجب خیز بات ہے۔

(۱۵) اس علم کے زندہ درخت کا جو ہر وقت نور کا پھل لاتا ہے؛
ایک پاک کلمہ اور حکمت کی دلیل بننا ازبس متعجب ہے۔

(۱۶) "اثبات، نفی اور حق" کی حکمت کے اسرار بہت عظیم ہیں؛
ایک بالاتر کلمہ کا "میزان الحقائق" بننا حیرت انگیز ہے۔

(۱۷) روح کے دائرے کے لئے کوئی قرار نہیں اور جو روحانی مرکز میں ہیں
انکے لئے سکون ہی سکون ہے ان بیقرار ارواح کا جہان سمیت پرکار کی
طرح مرکز کی تلاش میں گردش کرنا حیرت کی بات ہے۔

(۱۸) وہ خود مدینۃ العلم (علم کا شہر) بنکر روحانی نعمتوں کا بیدریغ عطا کرنا
اور خود ہی جسمانیت کا طلسماتی جامہ پہنے اس شہر کے دروازے پر دربان
رہنا حیرت انگیز ہے۔

(۱۹) ایک بڑے بت کے سوا ان سارے بتوں کو توڑ ڈال۔ جو تیرے دل
میں موجود ہیں۔ ایک پاک بت کے عشق کے کفر میں ایمان کا پوشیدہ ہونا بہت متعجب ہے۔

(۲۰) کیا پروردگار کی ذات اور عارف کی جان ایک ہے؟ اگر نہیں تو پھر عارف
کو اپنے روح کی معرفت ہی میں پروردگار کی معرفت کا تمام ہونا قابل تعجب ہے۔

(۲۱) (اگر مجھ پر کوئی وقت ایسا بھی آئے جسمیں میرا آئینہ دل زنگ آلود
ہو اور علم کی جلوہ نمائی نہ کرسکے تو ایسی حالت میں) میں آتش عشق
سے پگھل کر اور حکمت کے سانچے میں ڈھل کر اپنے آپکی تجدید
کرونگا۔ اسیطرح میری (الضمیر کی) علمی مشکلات کا آسان ہونا حیرت خیز ہے۔

# تصنیفات نصیر ہونزائی

(۱) سلسلۂ نورِ امامت :۔ اسماعیلی اصول و فروع کی تشریح اردو میں۔

(۲) نغمۂ اسرافیل :۔ بُرُشسکی (ہونزہ زبان) کی اوّلین منظومہ کتاب

(۳) آئینۂ جمال :۔ فارسی اور بُرُشسکی نظمیں۔

(۴) میزان الحقائق :۔ ایٹمی دور کا فلسفہ اردو نثر میں۔

(۵) شرافت نامہ :۔ (ترجمۂ سعادت نامۂ حکیم ناصر خسرو) تہذیب اخلاق اردو نظم میں۔

(۶) منظومات نصیری :۔ منقبت امام زمان و تصوّف پر مشتمل بُرُشسکی نظمیں اور اردو ترجمہ (غیر مطبوع)

(۷) آئینۂ روح :۔ روح کی تشریح و تفصیل قرآن کی روشنی میں (اردو نثر میں) (غیر مطبوع)

(۸) درس اخلاق :۔ حسن اخلاق کے متعلق فارسی کی ایک منظومہ کتاب معہ ترجمہ و تشریح اردو (غیر مطبوع)

(۹) تفسیر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ :۔ کلمۂ پاک کے حقائق کی تشریح اردو میں (غیر مطبوع)

(۱۰) " سُوْرَۃِ الْفَاتِحَۃ :۔ سورۂ فاتحہ کی تشریح اردو میں (غیر مطبوع)

---

پتہ

## فداء علی خان و برادران۔ پل روڈ بازار گلگت

عباسی کتب خانہ جونا مارکیٹ ۔ کراچی